| English | Urdu |
| --- | --- |
| **Frequently Asked Questions - NLRB** | **اکثر پوچھے گئے سوالات - NLRB** |
| What are my rights under the National Labor Relations Act? | نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ کے تحت میرے حقوق کیا ہیں؟ |
| The NLRA is a federal law that grants employees the right to form or join unions; engage in protected, concerted activities to address or improve working conditions; or refrain from engaging in these activities. For more information, see our Employee Rights page. | NLRA ایک وفاقی قانون ہے جو ملازمین کو یونینز بنانے یا اس میں شامل ہونے؛ کام کے حالات کے مسئلے کو حل کرنے یا بہتر بنانے کے لیے تحفظ یافتہ، متفقہ سرگرمیوں میں مصروف عمل ہونے؛ یا ان سرگرمیوں میں مصروف عمل ہونے سے گریز کرنے کا حق دیتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، ہمارا ملازم کے حقوق کا صفحہ ملاحظہ کریں۔ |
| What is the National Labor Relations Board's role? | نیشنل لیبر ریلیشنز بورڈ کا کردار کیا ہے؟ |
| The NLRB is an independent federal agency created to enforce the National Labor Relations Act. Headquartered in Washington DC, it has regional offices across the country where employees, employers and unions can file charges alleging illegal behavior, or file petitions seeking an election regarding union representation. For more information, see our What We Do page. | NLRB ایک آزاد وفاقی ایجنسی ہے جسے نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ کو نافذ کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ اس کا صدر دفتر واشنگٹن ڈی سی میں ہے، اس کے ملک بھر میں علاقاتی دفاتر ہیں جہاں ملازمین، آجر اور یونینز غیر قانونی طرز عمل کا الزام دائر کر سکتے ہیں، یا یونین کی نمائندگی کے بارے میں الیکشن کے لیے درخواستیں جمع کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، ہمارا ہم کیا کرتے ہیں صفحہ ملاحظہ کریں۔ |
| I have a workplace issue, but I'm not sure the NLRB is the right place. What other government agencies might be able to help me? | مجھے کام کی جگہ پر مسئلہ ہے، لیکن مجھے یقین نہیں ہے کہ اس کے لیے NLRB صحیح جگہ ہے۔ کون سی دوسری سرکاری ایجنسیاں میری مدد کر سکتی ہیں؟ |
| If your question is about unpaid wages, safety on the job, employment discrimination, workers' compensation, or a number of other work-related issues, you will have to contact a different government agency. Website links and phone numbers are available on this Related Agencies page. | اگر آپ کا سوال غیر ادا شدہ اجرتوں، کام پر تحفظ، ملازمت میں امتیازی سلوک، کارکنوں کے معاوضے، یا کام سے متعلق کئی دیگر مسائل کے بارے میں ہے، تو آپ کو کسی دوسری سرکاری ایجنسی سے رابطہ کرنا ہوگا۔ ویب سائٹ کے لنکس اور فون نمبر اس متعلقہ ایجنسیوں کے صفحے پر دستیاب ہیں۔ |
| Is my employer subject to the National Labor Relations Act (NLRA)? | کیا میرا آجر نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ (NLRA) کے تحت آتا ہے؟ |
| The NLRA applies to most private sector employers, including manufacturers, retailers, private universities, and health care facilities. The NLRA does *not* apply to federal, state, or local governments; employers who employ only agricultural workers; and employers subject to the Railway Labor Act (interstate railroads and airlines). See this Jurisdictional Standards page for more information. | NLRA زیادہ تر نجی شعبے کے آجروں پر لاگو ہوتا ہے، جن میں مینوفیکچررز، خردہ فروش، نجی یونیورسٹیاں اور نگہداشت صحت کی فیسیلیٹیز شامل ہیں۔ NLRA وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومتوں؛ ایسے آجر جو صرف زرعی مزدوروں کو ملازمت پر رکھتے ہیں؛ اور جو آجر ریلوے لیبر ایکٹ (بین ریاستی ریلوے اور ایئر لائنز) کے تابع ہیں ان پر لاگو *نہیں* ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے یہ عدالتی معیارات کا صفحہ ملاحظہ کریں۔ |

| | |
|---|---|
| Which employees are protected under the NLRA? | NLRA کے تحت کون سے ملازمین محفوظ ہیں؟ |
| Most employees in the private sector are covered under the NLRA. The law does *not* cover government employees, agricultural laborers, independent contractors, and supervisors (with limited exceptions). | نجی شعبے کے زیادہ تر ملازمین کا احاطہ NLRA کے تحت ہوتا ہے۔ یہ قانون سرکاری ملازمین، زرعی مزدوروں، آزاد ٹھیکیداروں اور سپروائزرز (محدود استثنآت کے ساتھ) کا احاطہ *نہیں* کرتا ہے۔ |
| Do I have to be in a union to be protected by the NLRA? | کیا مجھے NLRA کے ذریعہ تحفظ حاصل کرنے کے لیے یونین میں ہونا ضروری ہے؟ |
| Employees at union *and* non-union workplaces have the right to help each other by sharing information, signing petitions, and seeking to improve wages and working conditions in a variety of ways. For more information on this aspect of the law, including a description of recent cases, see our Protected Concerted Activity page. | یونین *اور* غیر یونین والے جائے کار کے ملازمین کو معلومات کا تبادلہ کرکے، عرضیوں پر دستخط کرکے اور مختلف طریقوں سے اجرتوں اور کام کے حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کرکے ایک دوسرے کی مدد کرنے کا حق ہے۔ حالیہ معاملات کی تفصیل سمیت قانون کے اس پہلو کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ہمارا تحفظ یافتہ متفقہ سرگرمی والا صفحہ ملاحظہ کریں۔ |
| What are an employer's and union's obligations under the NLRA? | NLRA کے تحت آجر اور یونین کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ |
| Employers and unions may not restrain or coerce employees who are exercising their rights under the NLRA. In a union workplace, the employer and union are obligated by law to bargain in good faith with each other over terms and conditions of employment, either to agreement or impasse. More information is available on our Employer/Union Obligations page. | آجر اور یونینز NLRA کے تحت اپنے حقوق کا استعمال کرنے والے ملازمین کو روک یا مجبور نہیں کرسکتے ہیں۔ یونین کی جائے کار میں، آجر اور یونین یا تو معاہدے یا تعطل کے لیے، قانون کے ذریعہ ایک دوسرے کے ساتھ ملازمت کی شرائط و ضوابط پر نیک نیتی سے سودے بازی کرنے کے پابند ہیں۔ مزید معلومات ہمارے آجر/ یونین کی ذمہ داریاں صفحہ پر دستیاب ہیں۔ |
| I believe that my rights have been violated. How do I file a charge with the NLRB? | مجھے لگتا ہے کہ میرے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ میں NLRB کے پاس الزام کیسے دائر کروں؟ |
| Charges must be filed in a Regional Office, usually with the help of an Information Officer, within six months of the occurrence. The Regional Office will investigate the charge and, if found meritorious, will issue a complaint. For forms and more information, see our Investigate Charges page. | واقعہ کے چھ ماہ کے اندر، علاقائی دفتر میں عام طور پر انفارمیشن آفیسر کی مدد سے الزامات دائر کی جانی چاہیے۔ علاقائی دفتر الزام کی تحقیقات کرے گا اور، مُستَحِق پائے جانے پر شکایت جاری کرے گا۔ فارموں اور مزید معلومات کے لیے، ہمارا الزامات کی تحقیق والا صفحہ ملاحظہ کریں۔ |
| How do I start the process for an election to bring in a union (or decertify an existing union)? | میں یونین بنانے (یا موجودہ یونین کی توثیق واپس لیے) کے لیے الیکشن کی کارروائی کیسے شروع کروں؟ |
| To start the election process, a petition must be filed with the nearest NLRB Regional Office showing interest in the union (or interest in decertifying the union) from at least 30% of employees. NLRB agents will then investigate to make sure the Board has jurisdiction and there are no existing labor contracts that would bar an election. More information is available on our Conduct Elections page. | الیکشن کی کارروائی شروع کرنے کے لیے، کم سے کم 30% ملازمین کے ذریعے یونین میں دلچسپی (یا یونین کی تصدیق واپس لینے میں دلچسپی) ظاہر کرتے ہوئے NLRB کے قریبی علاقاتی دفتر میں ایک عرضی دائر کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد NLRB کے ایجنٹس اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تحقیقات کریں گے کہ بورڈ کے پاس دائرہ اختیار ہے اور کوئی موجودہ لیبر کے معاہدے نہیں ہیں جو الیکشن کو روکیں گے۔ مزید معلومات ہمارے الیکشنز کا انعقاد کرنا صفحہ پر دستیاب ہے۔ |

| | |
|---|---|
| What are the rules governing collective bargaining for a contract? | معاہدے کے لیے اجتماعی سودے بازی پر لاگو ہونے والے اصول کون سے ہیں؟ |
| If a union is selected as the representative of employees, the employer and union are required to meet at reasonable times to bargain in good faith about wages, hours, and other mandatory subjects. Even after a contract expires, the parties must bargain in good faith for a successor contract, or the termination of the agreement, while terms of the expired contract continue. Further information on good faith bargaining is available on our Employer/Union Obligations page. | اگر کسی یونین کو ملازمین کے نمائندے کے طور پر منتخب کیا جاتا ہے تو، آجر اور یونین کو اجرتوں، گھنٹوں اور دیگر لازمی موضوعات کے بارے میں نیک نیتی کے ساتھ سودے بازی کرنے کے لیے مناسب وقت پر ملاقات کرنا ضروری ہے۔ حتی کہ معاہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی، فریقین کو آنے والے معاہدے، یا معاہدے کے خاتمے کے لیے نیک نیتی سے سودے بازی کرنی ہوگی، جبکہ ختم شدہ معاہدے کی شرائط جاری رہیں گی۔ نیک نیتی کے ساتھ سودے بازی کرنے کے بارے میں مزید معلومات ہمارے آجر / یونین کی ذمہ داریاں صفحہ پر دستیاب ہیں۔ |
| Do I have to pay union dues if there is a union at my workplace? | اگر میرے جائے کار پر یونین موجود ہے تو کیا مجھے یونین کے واجبات ادا کرنے ہوں گے؟ |
| The question of union dues is subject to federal and state laws and court rulings. The NLRA allows unions and employers to enter into agreements that require all employees in a bargaining unit to pay union dues. However, 27 states have banned such agreements by passing so called “right to work” laws. More information is available on our Employer/Union Obligations page. | یونین کے واجبات کا سوال وفاقی اور ریاستی قوانین اور عدالتی فیصلوں سے مشروط ہے۔NLRA یونینوں اور آجروں کو ایسے معاہدے کرنے کی اجازت دیتا ہے جس میں سودے بازی والی یونٹ کے تمام ملازمین کو یونین کے واجبات ادا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم، 27 ریاستوں نے معروف "کام کرنے کا حق" قوانین کو منظوری دے کر ایسے یونین-سیکیورٹی معاہدوں پر پابندی عائد کردی ہے۔ مزید معلومات ہمارے آجر / یونین کی ذمہ داریاں صفحہ پر دستیاب ہیں۔ |
| Is it legal to strike or picket an employer? | کیا آجر پر ہڑتال کرنا یا لوگوں کو کام پر جانے دینے سے روکنا جائز ہے؟ |
| Strikes and picketing are protected by the NLRA under certain conditions and to varying degrees. For important information on the rules regarding strike activity, see this Right to Strike page. A union cannot strike or picket an employer to force it to stop doing business with another employer who is the primary target of a labor dispute. At worksites with more than one employer, such as a construction site, picketing is only permitted if the protest is clearly directed exclusively at the primary employer. | ہڑتالوں اور لوگوں کو کام پر جانے سے روکنے کو NLRA کے ذریعہ مخصوص حالات میں اور مختلف درجے تک تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ ہڑتال کی سرگرمی کے بارے میں اصول سے متعلق اہم معلومات کے لیے، یہ ہڑتال کا حق صفحہ ملاحظہ کریں۔ یونین اس وجہ سے کسی آجر کے یہاں ہڑتال نہیں کرسکتی یا لوگوں کو کام پر جانے سے نہیں روک سکتی کہ اس آجر کو کسی دوسرے آجر کے ساتھ کاروبار نہ کرنے پر مجبور کیا جائے جو کہ مزدوروں کے تنازعے کا بنیادی ہدف ہے۔ ایک سے زیادہ آجر کے ساتھ جائے کار پر، جیسے تعمیراتی مقام پر، کام پر جانے سے روکنے کی اجازت صرف اسی صورت میں دی جاتی ہے جب احتجاج واضح طور پر بنیادی آجر کے خلاف ہو۔ |
| How do I make a Freedom of Information Act (FOIA) request? | میں معلومات کی آزادی کے قانون (FOIA) کی درخواست کیسے کروں؟ |
| To request public records under the Freedom of Information Act, see our FOIA page which includes a sample FOIA letter and an electronic request form. | معلومات کی آزادی کے قانون کے تحت عوامی ریکارڈ کی درخواست کرنے کے لیے، ہمارا FOIA صفحہ ملاحظہ کریں جس میں ایک نمونہ FOIA خط اور ایک الیکٹرانک درخواست فارم شامل ہے۔ |

| | |
|---|---|
| What if I have a question that's not on this list? | اگر مجھے کوئی سوال پوچھنا ہو جو کہ اس فہرست میں نہیں ہے تو کیا ہوگا؟ |
| If you have a question that isn't on this list, you may send a question by email, or contact your local NLRB office ( click here for a map of offices) to speak with an information officer. | اگر آپ کے پاس کوئی ایسا سوال ہے جو اس فہرست میں موجود نہیں ہے تو، آپ ای میل کے ذریعہ سوال بھیج سکتے ہیں، یا کسی انفارمیشن آفیسر سے بات کرنے کے لیے اپنے مقامی NLRB دفتر (دفاتر کے نقشے کے لیے یہاں کلک کریں) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ |